# ۲۲۔ ہماری ضرورتیں کون پوری کرتا ہے؟



**بتاؤ تو بھلا!**



نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب دو :


۱۔ تمھارے والد کیا کام کرتے ہیں؟

۲۔ تمھارے دادا کیا کام کیا کرتے تھے؟

۳۔ بڑے ہو کر تم کیا بننا پسند کرو گے؟













بچّو! اوپر دی ہوئی تصویریں دیکھو اور سوالوں کے جواب دو :

۱۔ ان میں سے کچھ لوگوں کو تم نے واقعی دیکھا ہوگا، ان کے نام بتاؤ۔

۲۔ ان میں سے کن لوگوں سے تمھارا واسطہ پڑتا ہے؟

۳۔ ان سے تمھاری کون سی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں؟

ہوا، پانی، غذا اور گھر تمام جانداروں کے لیے ضروری ہے۔ یہ انسانوں کی بھی ضروریات ہیں۔ ان کے علاوہ بھی انسانوں کو کئی ضرورتیں پیش آتی ہیں۔ مثلاً تمھیں کپڑے چاہییے، پڑھائی کے لیے استاد کی ضرورت ہے، گھر میں کوئی بیمار ہو جائے تو ڈاکٹر ضروری ہے۔ ہماری الگ الگ ضروریات پوری کرنے کے لیے مختلف لوگ کام کرتے ہیں۔ ان کے کاموں کے سبب ان کی اور دوسرے لوگوں کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔ ان کے کام پیشے کہلاتے ہیں۔

## • پیشوں کی قسمیں

پیشوں کی کئی قسمیں ہیں۔ انھیں چار اہم حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۔ فطرت پر منحصر پیشے (مثلاً کھیتی، ماہی گیری وغیرہ)

۲۔ صنعتیں (مثلاً موٹر کار تیار کرنا، برتن بنانا، کپڑے تیار کرنا وغیرہ)

۳۔ تجارت (مثلاً دکاندار، بازار وغیرہ)

۴۔ خدمات مہیا کرنا (مثلاً بینک، استاد/معلم، ڈاکٹر وغیرہ)

## زراعت کی اہمیت

زراعت ہمارے ملک میں ایک اہم پیشہ ہے۔ کسان کھیتوں میں کام کرتے ہیں اسی لیے ملک کے سبھی لوگوں کو اناج ملتا ہے۔

- ہماری غذا میں روٹی، چپاتی، چاول، دال، آمٹی، سبزیاں، سلاد وغیرہ چیزیں ہوتی ہیں۔
- یہ تمام چیزیں کھیتوں میں ہونے والی فصلوں سے حاصل ہوتی ہیں۔
- کھیتوں میں جوار، باجرہ، گیہوں، چاول، دالیں، سبزیاں اور ترکاریوں کی فصلیں ہوتی ہیں۔
- اس کے علاوہ اپنی دیگر ضرورتیں بھی کھیتوں سے پوری ہوتی ہیں۔ مثلاً گنّے سے شکر بنتی ہے، کپاس سے کپڑے بنتے ہیں جس سے ہم اپنے لباس بناتے ہیں۔
- پھل، پھول اور دوائیوں میں استعمال ہونے والی جڑی بوٹیوں کی بھی کھیتوں میں بڑے پیمانے پر پیداوار ہوتی ہے۔

## زراعت کے معاون پیشے

زراعت سے حاصل ہونے والی چیزوں پر دیگر پیشے منحصر ہیں۔ کھیت سے چارا ملتا ہے۔ اس کا استعمال گائے، بھینس اور بکریوں کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس لیے زراعت کے ساتھ ساتھ جانور بھی پالے جاسکتے ہیں۔ ان جانوروں سے ہمیں دودھ، گوشت، چمڑا وغیرہ حاصل ہوتا ہے۔ کھیت میں اناج پیدا ہوتا ہے۔ اس اناج کا استعمال کرکے مرغیاں پالی جاسکتی ہیں۔ کھیتوں میں پیدا ہونے والے پھلوں سے شربت، جیم، جیلی جیسی چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ بکری پالنا، مرغی پالنا، مویشی پالنا، پھلوں سے تیار کی جانے والی چیزوں کے پیشے زراعت پر منحصر ہوتے ہیں۔ انھیں **زراعت کے معاون پیشے** کہا جاتا ہے۔

گاؤں میں کئی پیشے روایتی ہوا کرتے ہیں۔ باپ دادا جو کام کرتے آئے ہیں بعض اوقات بچّے بھی اسی کام کو اپنا لیتے ہیں لیکن ہمارے ملک میں ہم اپنے پسندیدہ پیشے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

### کیا تمھیں معلوم ہے؟



بہت پہلے انسان زراعت کرنا نہیں جانتا تھا۔ انسان اناج کی تلاش میں بھٹکتا پھرتا تھا۔ وہ شکار کرلیتا، پھل اور زمین پر اُگنے والی جڑیں کھا کر گزارہ کرتا۔ جب اسے زراعت کرنے کا طریقہ معلوم ہوا تب اسے ایک ہی جگہ اناج ملنے لگا۔ اناج کے لیے بھٹکتے پھرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ وقت کی بھی بچت ہوگئی۔ اسی سے نئی ایجادات ہوئیں اور کئی صنعتیں وجود میں آئیں۔

## صنعتیں

صنعتوں میں کچّا مال لیا جاتا ہے اور اس پر عمل کر کے نیا مال تیار کیا جاتا ہے۔ کمھار مٹکے بناتا ہے، یہ بھی ایک قسم کی صنعت ہے۔

مٹکا بناتے وقت کمھار کیا کرتا ہے کیا تم نے دیکھا ہے؟ یہاں دی ہوئی تصویریں دیکھو۔



کمھار پہلے اچھّی مٹّی حاصل کرتا ہے




مٹکے اچھّے بنیں اس لیے مٹّی میں کچھ اور چیزیں ملاتا ہے۔



اس میں پانی ملا کر گارا بناتا ہے۔ اسے مٹّی کو گوندھنا کہتے ہیں۔



گوندھی ہوئی مٹّی چاک پر گھما کر اس سے مٹکا تیار کرتا ہے۔



کچّا مٹکا پکا کر مضبوط کرتا ہے۔




تیار مٹکا

مٹکا بنانے کے پیشے میں کچّا مال ہے مٹّی اور پکّا مال ہے مٹکا۔ کچّے مال مٹّی سے پکّا مال مٹکا تیار کیا جاتا ہے۔ اس کی تیاری کے لیے جو عمل کیا جاتا ہے وہی صنعت ہے۔

جس طرح کمھار نے مٹکا بنایا اسی طرح لکڑی، بانس، پھول وغیرہ سے کئی چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ جو چیزیں چھوٹے پیمانے پر گھروں میں تیار کی جاتی ہیں انھیں دستی صنعتیں یا چھوٹی صنعتیں کہا جاتا ہے۔

کچھ کارخانے بڑے ہوتے ہیں۔ وہاں کئی لوگ مشینوں کی مدد سے کام کرتے ہیں۔ تمھارے اسکول کی بس، سائیکل، بیاض، کتابوں کا کاغذ جیسی چیزیں کارخانے میں تیار ہوتی ہیں۔ تمھارے ضلع میں بھی اس قسم کی صنعتیں ہیں۔ یہاں دیا ہوا ضلع کا نقشہ دیکھ کر عملی کام پورا کرو۔






۱۔ دوائی بنانے کی صنعت جس مقام پر واقع ہے اس کے نام کے گرد چوکون بناؤ۔

۲۔ اپنے ضلع میں کئی صنعتیں ہیں۔ تم جن صنعتوں کے بارے میں جانتے ہو ان کے نام نقشے کے اشاریہ میں دیے ہوئے نشان کے سامنے لکھو۔

۳۔ اشاریہ میں دیے ہوئے نشانوں کا استعمال کرکے اپنے ضلع میں مختلف صنعتیں دِکھاؤ۔

۴۔ صابن اور خوشبودار تیل بنانے کے کارخانے کے مقام کے گرد چوکون بناؤ۔ نقشے میں اس کے نشان میں رنگ بھرو۔

## اساتذہ کے لیے

- اس سرگرمی کو کرتے وقت طلبہ کی حسبِ ضرورت رہنمائی کریں۔ خاص طور پر سوال نمبر ۲ اور ۳ کے لیے۔



## کیا تمھیں معلوم ہے؟

کچّا مال، صنعتیں اور پکّا مال اس سلسلے کو دی گئی جدول کی مدد سے سمجھو۔

| کچّا مال ← | صنعتوں کے نام ← | پکّا مال |
|---|---|---|
| گنّا | شکر کی صنعت | شکر |
| کپڑا | کپڑوں کی پیداوار | شرٹ، جینس، فراک |
| بانس | ٹوکریاں بنانا | ٹوکریاں |
| میدہ | بیکری کی صنعت | بسکٹ، بریڈ، کھاری |




## آؤ دماغ پر زور دیں!


تصویروں میں دی ہوئی چیزیں تم نے استعمال کی ہوں گی یا دیکھی ہوں گی۔ ان چیزوں کے نام تصویروں کے نیچے دیے ہوئے چوکون میں لکھو۔















- تصویر میں دی ہوئی کون سی چیزیں کھیتوں میں تیار ہوتی ہیں؟
- کون سی چیزیں گھروں میں تیار کی جاسکتی ہیں؟
- کون سی چیزیں کارخانوں میں تیار کی جاتی ہیں؟



## کیا تمھیں معلوم ہے؟

بعض گاؤں، تعلقوں اور شہروں میں خاص صنعتیں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔ یہ صنعتیں یا کاروبار مخصوص کاریگروں یا پیداوار (مال) کی خوبیوں کی وجہ سے مشہور ہوجاتے ہیں۔ مثلاً سولا پور کی چادریں، کولھا پور کی چپلیں، پیٹھن کی ساڑیاں وغیرہ۔ اپنے علاقے میں اس قسم کی صنعتیں یا کاروبار تلاش کرو۔

## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

انسانوں نے کئی پیشے اپنائے لیکن ان پیشوں کے لیے ضروری سامان اسے قدرت ہی کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔ قدرت تمام جانداروں کی ضروریات پوری کرتی ہے۔ قدرت کا احترام کرو۔

## اساتذہ کے لیے

- مقامی کاریگروں سے طلبہ کی ملاقات کروانے میں مدد کریں۔
- ہماری اور تمام جانداروں کی ضرورتیں قدرت ہی پوری کرتی ہے، اس لیے طلبہ کے دلوں میں قدرت کے احترام کا جذبہ پروان چڑھانے کی کوشش کریں۔

## ہم نے کیا سیکھا؟

* انسان کی ضروریات کے سبب صنعتیں اور پیشے وجود میں آئے۔
* صنعتوں اور پیشوں کی قسمیں۔
* زراعت کی اہمیت۔
* صنعت یعنی کیا؟
* ضلع کی صنعتوں کے بارے میں معلومات۔

## مشق

### ا۔ مختصر جواب لکھو:

(ا) ہمارے ملک میں اگر زراعت نہ کی گئی تو کیا ہوگا؟

(۲) تمھارے علاقے میں لوگ کن کن پیشوں سے تعلق رکھتے ہیں، لکھو۔

(۳) صنعتوں کی تین مثالیں دو۔

### ۲۔ سلسلہ مکمل کرو:

(ا) کپاس ← ................ ← کپڑا

(۲) ................ ← پھل کی صنعت ← جیم، جیلی

(۳) لوہا ← موٹر کی صنعت ← ................

JL14PY

### سرگرمی

ہفتہ واری بازار، مال، کپڑوں کی دکان پر جا کر ان پیشوں کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔

***